۴ تارے اور پھوؔل

حامد اللہ افسؔر

پہلی بات : بارش کے موسم میں آسمان پر چھائے ہوئے کالے کالے بادل بڑے اچھّے دِکھائی دیتے ہیں۔ صبح کے وقت مشرق کی طرف اور شام میں مغرب کی طرف آسمان لال لال نظر آتا ہے۔ اس لالی کو 'شفق' کہتے ہیں۔ شفق کی لالی آسمان میں خوب صورت دِکھائی دیتی ہے۔ رات میں جب اندھیرا پھیل جاتا ہے تو آسمان میں تارے چمکنے لگتے ہیں۔ تاروں کی روشنی بھی بھلی معلوم ہوتی ہے۔ آسمان میں چمکتے ہوئے تاروں کو دیکھ کر شاعر کے دل میں کیا کیا خیالات آتے ہیں، وہ ذیل کی نظم میں بیان کیے گئے ہیں۔

یہ چھوٹے چھوٹے تارے ہیں کیسے پیارے پیارے
دامن میں سب کو بھر لوٗں دامن کو بند کر لوٗں
جب صبح کو سویرے میں اُٹّھوں منہ اندھیرے
بو دوٗں میں سارے تارے یہ بیج پیارے پیارے
پھر اُن میں ہوتے ہوتے پھوٗٹ آئیں چند پودے
پودوں میں پھوٗل آئیں حیرت میں سب کو لائیں
لاکھوں یہ نوٗر پارے تارے یہ اِتنے سارے
پوٗچھیں یہ آسماں سے
آئے یہاں کہاں سے

9JGH3N

خلاصۂ کلام : شاعر کو آسمان میں چمکتے ہوئے تارے بہت اچھّے نظر آتے ہیں۔ وہ ان تاروں کو دامن میں بھر کر انھیں بیجوں کی طرح زمین میں بو دینا چاہتا ہے تا کہ جب پودے نکل آئیں اور ان میں پھول کِھلیں تو ان کی چمک دمک دیکھ کر لوگ حیرت میں پڑ جائیں۔ وہ آسمان سے پوٗچھنا چاہتا ہے کہ یہ خوٗب صوٗرت تارے کہاں سے آئے ہیں؟

معانی واشارات

بونا - بیج کو زمین میں دبانا sowing

پھوٹ آنا - نکل آنا to arise, spring up

نوٗر پارے - مراد ستارے pieces of light i.e. stars

مشق

* ایک لفظ میں جواب لکھیے :

ا۔ شاعر دامن میں کیا بھر لینا چاہتا ہے؟

۲۔ شاعر نے تاروں کو کیا کہا ہے؟

۳۔ تاروں کے بیجوں سے کیا اُگے گا؟

* ایک جملے میں جواب لکھیے :

ا۔ شاعر منہ اندھیرے اُٹھ کر کیا کرنا چاہتا ہے؟

۲۔ لوگوں کو کس بات پر حیرت ہوگی؟

* صحیح معنی بتائیے :

ا۔
- منہ اندھیرے اُٹھنا
- رات میں اُٹھنا
- صبح ہوتے ہوتے اُٹھنا
- دن نکلنے سے پہلے اُٹھنا
- اندھیرے میں اُٹھنا

۲۔
- پھوٹ آنا
- اُگ آنا
- ٹوٹ جانا
- نکل آنا
- پیدا ہونا

غور کر کے بتائیے۔

ا۔ شاعر آسمان کے تاروں کو پھولوں جیسا کیوں کہتا ہے؟

۲۔ شاعر آسمان سے یہ کیوں پوچھ رہا ہے کہ یہ تارے کہاں سے آئے ہیں؟

کیا آپ جانتے ہیں؟

کبھی کبھی ہم کسی کام یا چیز کی خوبی بتانے والے لفظ کو دو دو بار کہتے ہیں جیسے پیارے پیارے، چھوٹے چھوٹے، بڑے بڑے، ننھے ننھے، ذرا ذرا، تیز تیز، دھیرے دھیرے، وغیرہ۔ اس سے بات میں زور پیدا ہوتا ہے۔

بوجھو تو جانیں

* باور کی اچھی اور بُری صفات جملوں میں بیان کیجیے
مثلاً ''باور ذہین ہے۔''



سرگرمی/منصوبہ

اس نظم میں پیش کیے گئے خیالات کی تصویریں بنائیے۔

اساتذہ کے لیے

- مناظرِ قدرت پر اُردو میں دستیاب نظموں کی معلومات فراہم کریں۔
- مشقی سوالات میں اکثر مقامات پر شاعر اور مصنف کیا کہنا چاہتے ہیں جیسے سوالات آئے ہیں۔ بچوں کو 'شاعر' اور 'مصنف' کے معنی سمجھا دیے جائیں۔